عوام ایم کیو ایم کے نام پر چندہ مانگنے والوں کی شکایات نائن زیرو پر قائم کمیٹی سے کریں، رابطہ کمیٹی
الیکشن مہم کے نام پر چندہ تاجروں اور صنعتکاروں سے چندہ مانگنے والوں کا ایم کیو ایم سے کوئی تعلق نہیں

کراچی۔۔۔30نومبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے بعض جرائم پیشہ افراد کی جانب سے ایم کیو ایم کا نام استعمال کرکے تاجروں اور صنعتکاروں سے چندہ وصول کرنے کی اطلاعات کی سخت مذمت کی ہے اور وضاحت کی ہے کہ ایم کیو ایم کی جانب سے ہر قسم کے چندے پر تاحال پابندی ہے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ عوام کی جانب سے اس قسم کی اطلاعات موصول ہورہی ہیں کہ بعض لوگ ایم کیو ایم کا نام استعمال کرکے عام انتخابات کیلئے عوام بالخصوص تاجروں اور صنعتکاروں سے بھاری رقوم کا مطالبہ کررہے ہیں اور انہیں مسلسل دھمکی آمیز فون کررہے ہیں۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایم کیو ایم کی جانب سے پہلے ہی ہر قسم کے چندے پر پابندی برقرار ہے اور جولوگ الیکشن مہم کے نام پر تاجر برادری اور صنعتکاروں کو فون کررہے ہیں اور چندہ وصول کررہے ہیں ان افراد کا ایم کیو ایم سے ہرگز کوئی تعلق نہیں۔ رابطہ کمیٹی نے عوام بالخصوص تاجروں اور صنعتکاروں سے اپیل کی کہ وہ ایسے عناصر پر کڑی نظر رکھیں اور اس کی اطلاع فوری طور پر ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو کے فون نمبر 6313690,6329900 یا فیکس نمبر 6320575 پر اطلاع دیں۔

ایم کیو ایم تمام مذاہب کے ماننے والوں کا احترام کرتی ہے، رؤف صدیقی
آل سینٹ چرچ چنیسر ہالٹ محمود آباد میں سالانہ تقسیم تحائف اور سینئرز کی یاد میں منعقدہ تقریب سے خطاب

کراچی۔۔۔یکم دسمبر 2007ء

سابق حق پرست صوبائی وزیر عبدالرؤف صدیقی نے کہا ہے کہ ایم کیو ایم انسانیت کی عملی خدمت پر یقین رکھتی ہے اور نہ صرف تمام مذاہب کے ماننے والوں کا احترام کرتی ہے بلکہ ان کو پاکستان کا برابر کا شہری تسلیم کرتی ہے۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز آل سینٹ چرچ چنیسر ہالٹ محمود آباد کے زیراہتمام سالانہ تقسیم تحائف اور سینئرز کی یاد میں منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ تقریب میں ایم کیو ایم اقلیتی امور کمیٹی کے اراکین پاسٹر جاوید انجم اور فاروق سلیم نے بھی شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے رؤف صدیقی نے کہا کہ ایم کیو ایم پاکستان کی واحد جماعت ہے جس نے پاکستان میں بسنے والی مذہبی اقلیتوں کے حقوق کیلئے نہ صرف آواز بلند کی بلکہ ان کے حقوق کیلئے عملی جدوجہد بھی کی۔ یہی وجہ ہے کہ ایم کیو ایم کی حق پرستانہ جدوجہد میں پاکستان کی تمام قومیتوں سے تعلق رکھنے والے عوام کے ساتھ ساتھ مذہبی اقلیتوں سے تعلق رکھنے والے افراد بھی شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے اپنے کارکنان کی اخلاقی تربیت کی اور انہیں اساتذہ کرام اور بزرگوں کے احترام کا درس دیا۔ بعدازاں ایم کیو ایم کے نمائندوں نے شرکاء میں تحائف بھی تقسیم کیے۔

ایم کیو ایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔یکم دسمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم لائنز ایریا سیکٹر بزرٹہ لائن یونٹ 4 کے کارکن نصیر کی والدہ محترمہ عزیزن، ایم کیو ایم لیاری سیکٹر یونٹ 33 کے کارکن عین الدین کاکڑ کے والد محمد حسن کاکڑ اور بھابھی نتاشہ بی بی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

ایم کیو ایم کا پیغام حق ملک بھر کے مظلوم عوام کے حقوق کی ضمانت ہے، پی پی او سی

بن قاسم ٹاؤن کے عبداللہ گوٹھ میں کارکنان کے اجلاس سے خطاب

کراچی ۔۔۔یکم دسمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے تحت بن قاسم ٹاؤن کے علاقے یوسی 5 عبداللہ گوٹھ میں کارکنان کا اجلاس منعقد ہوا جس میں پی پی او سی کے ارکان صلاح الدین اور محمد اعجاز نے شرکت کی ۔قبل ازیں انہوں نے عبداللہ گوٹھ میں پی پی او سی کے رابطہ آفس کا افتتاح بھی کیا۔اجلاس میں پی پی او سی کے علاقائی ذمہ داران اور کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی ۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے صلاح الدین اور محمد اعجاز نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا نظریہ حقیقت پسندی وعملیت پسندی اور فکر وفلسفہ سورج کی کرنوں مانند ہے جو عوام میں شعوری پیدا کرر ہا ہے ۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم کا پیغام حق ملک بھر کے مظلوم عوام کے حقوق کی ضمانت ہے اور ملک بھر کے عوام سیاسی بازیگروں سے مایوس ہو کر ایم کیو ایم کے پرچم تلے جمع ہو رہے ہیں ۔انہوں نے کارکنان زور دیتے ہوئے کہا کہ وہ گھر گھر جا کر عوام سے رابطہ کریں اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفے پھیلانے کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں ۔

☆☆☆☆☆